الأمورُ التي يَتَعَدَى بها الفعلُ القاصِرُ:

وہ امور جن سے لازم فعل متعدی ہو جاتا ہے:

یہ سات یا آٹھ امور ہیں، مصنف نے انہیں شمار کیا ہے، اور ان میں سے کچھ یہ ہیں:

1. باب "أفعل" کا ہمزہ۔
2. باب المفاعلة کا الف۔
3. فعل کو طلب یا کسی چیز کی طرف نسبت کے لیے باب استفعل سے بنا لینا۔
4. عین کلمہ کو مضعف کرنا۔ (باب فَعّل بنا لینا)
5. اس میں کسی متعدی فعل کا معنی داخل کر دینا۔

﴿ وَمَنْ يَّرْغَبُ عَنْ مِّلَّةِ اِبْرٰهٖمَ اِلَّا مَنْ سَفِهَ نَفْسَهٗ ﴾ (2:130)

اور کون ہوگا جو ابراہیم (علیہ السلام) کے طریقے سے منہ موڑے؟ سوائے اس کے جس نے اپنے آپ کو حماقت ہی میں مبتلا کرنے کا فیصلہ کر لیا ہو

(سَفِهَ نفسَه) تَضَمُّنه معنى و اِمْتَهَنَ (حقیر و معمولی کر دیا) أو أَهْلَكَ (اس نے اپنے آپکو ہلاک کر دیا)

www.lughatulquran.com © copy rights reserved Anjum gillani

Lughatul Quran